فون نمبر: ۰۳۰۰_۳۹۵۵۱۲۲، ۹۲_۵۸۱۱۴۵۳۲۷۹

قیمت وصفحات : ۵۰ روپے، صفحات ۱۴۵

گلگت جیسے غیر ترقی یافتہ علاقہ سے دینی ادارہ کی جانب سے اس شاندار مجلہ کا اجراء ہوا اور پابندی کے ساتھ شائع ہورہا ہے، مجلہ میں راقم (ڈاکٹر صلاح الدین ثانی) کے سیرت النبی ﷺ پر مضامین پابندی سے شائع کئے جارہے ہیں، اس شمارہ میں میرا مقالہ بین المذاہب اختلافات اور مکالمہ کے ذریعہ ان کا حل قسط دوم شائع کیا گیا ہے، مختصر حالات حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کئے گئے ہیں، لیکن اس مجلہ کے ایڈیٹر ابن شہزاد حقانی جو اپنا نام امیر جان حقانی بھی لکھتے ہیں، گلگت اور اس کے مضافات پر سفرنامہ وتعارف تحریر کرتے رہتے ہیں، جسے مطالعہ کرنے والا گلگت پہنچ جاتا ہے، یہ تحریر اس مجلہ کی جان ہوتی ہے، اس مجلہ میں وادی غذر کے علاقہ یاسین ویلی کے سفرنامہ کی قسط دوم شائع کی گئی ہے۔ ان سفرناموں کی اقساط کو کتابی شکل میں شائع کیا جائے تو مناسب ہوگا۔

اسی طرح گلگت کی سیاسی وانتظامی تقسیم پر مولانا زاہد الراشدی کا مضمون ہے۔ مولانا مفتی نذیر اللہ خان (متوفی اکتوبر ۲۰۱۰ء) فاضل دارالعلوم دیوبند کی سیاسی، علمی خدمات اور ان کی مذہبی رواداری کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ مجلہ میں شرعی مسائل کے جوابات اور کتب پر تبصرے بھی شامل ہیں۔ آخر میں جامعہ نصرت العلوم کے شب وروز کی روداد بیان کی گئی ہے۔

مجلہ کا نام : سہ ماہی ندای اسلام، ج/ ۱۴_۱۳، ش/ ۵۲_۵۳

چیف ایڈیٹر : محمد قاسم نبی کمال

ناشر : زاہدان ایران پی او بکس ۹۸۱۳۵_۱۵۶

قیمت وصفحات : درج نہیں، صفحات ۹۶

ایران کے صوبہ زاہدان میں اہلسنت والجماعت کا یہ بڑا علمی ادارہ ہے، جہاں سے مذہبی رواداری واعتدال پسندی کی بنیاد پر قابل قدر تدریسی وتصنیفی امور کو فروغ دیا جارہا ہے، یہ ادارہ اعتدال پسندی کے ساتھ بلاتعصب اہلسنت والجماعت کی نمائندگی کررہا ہے اور اہل علم کی کتابوں کا فارسی میں ترجمہ کررہا ہے، ۲۵ سے زائد کتب کا ترجمہ شائع ہوچکا ہے۔ یہاں طلباء کو درس نظامی کی تعلیم دی جاتی ہے، اور فارسی زبان میں مندرجہ بالا سہ ماہی مجلہ شائع کیا جاتا ہے اور درج ذیل مواد مجلہ کا حصہ ہے، مولانا عبدالحمید صاحب کے سلامی موضوعات پر لیکچرز فضائل حفظ قرآن مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ کی فضائل قرآن کا ترجمہ وادی رسول معلم

عبدالفتاح ابوغدہ کا فارسی ترجمہ، حالات سعد بن اَبی وقاص بحیثیت فاتح قادسیہ اور شام کے حالات بیان کئے گئے ہیں۔ عبادت کی اہمیت ڈاکٹر محمود احمد غازی رحمۃ اللہ علیہ کے مقالہ اعجاز القرآن کا ترجمہ قضاء وقدر کا مفہوم، ضعف ایمانی، مولانا تقی عثمانی صاحب کے سفر نامہ کا ترجمہ (سفر شام)، مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کلید مثنوی کا ترجمہ شائع کیا جارہا ہے، شرعی مسائل کا جواب دیا جاتا ہے اور اہم مقالات کا انگریزی خلاصہ بھی پیش کیا جاتا ہے۔ علمی لحاظ سے بہت مفید رسالہ ہے، امید ہے مسلمانان عالم اس ادارہ کے ساتھ تعاون جاری رکھا جائے۔

مجلہ کا نام	:	جہان حمد، قرآن نمبر شمارہ نمبر ۱۸، سنہ درج نہیں
چیف ایڈیٹر	:	طاہر حسین طاہر سلطانی
ناشر	:	حمد ونعت ریسرچ سینٹر نوشین سینٹر، سیکنڈ فلور کمرہ نمبر ۱۹، اردو بازار کراچی
قیمت وصفحات	:	درج نہیں، صفحات ۱۲۰۰ سے زائد

طاہر سلطانی صاحب نے جہانِ حمد کے نام سے ۲۰۰۰ء میں مجلہ کا آغاز کیا جو ۶۴ صفحات سے شروع ہوکر مذکورہ مقام تک پہنچ گیا ہے۔ آج کے دور میں بعض مذہبی مجلات نے انتہائی معمولی قیمت رکھی ہے۔ لیکن انہیں بھی خاطر خواہ کامیابی نہیں ہوسکی ہے۔

جہانِ حمد کا یہ ضخیم قرآن نمبر بہت بڑا کام ہے، بڑے کام میں جہاں کچھ خوبیاں ہوتی ہیں، وہاں کچھ خامیاں بھی رہ جاتی ہیں۔

یہ مجلہ ۱۹۔ ابواب پر مشتمل ہے، اس میں قرآن کریم پر لکھے گئے قدیم وجدید مسلمان شخصیات کے مقالات ومضامین ہیں، اکثر مختصر مضامین ہیں، اس میں قرآن کریم کا وجہ تسمیہ، تعارف، اصطلاحات، فضائل وحی، نزول، مقامات نزول، قرآن کریم میں آپ ﷺ کا تذکرہ، مختلف زبانوں میں قرآنی تراجم وتفاسیر، قرآن اور سائنس جمع وتدوین قرآن محکمات ومتشابہ، احکام قرآن، اعجاز القرآن، تذکرہ قراء کرام، خطاطی قرآن، قرآن نمبروں کا جائزہ کا جائزہ شعراء کا منظوم نذرانہ عقدت ودیگر مباحث ومضامین شامل ہیں۔

چیف ایڈیٹر نے اس شمارہ کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے حتی المقدور کوشش کی ہے، اور اس کوشش و کاوش پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ایڈیٹر نے بیشتر مضامین فرمائش کر کے لکھوائے ہیں، جس کے لئے یقیناً انہیں بہت پاپڑ بیلنے پڑے ہوں گے، اگر چند امور کا مزید لحاظ رکھ لیا ہوتا تو بہتر تھا۔

فرمائش پر لکھوائے گئے مضامین انتہائی مختصر ہیں، مثلاً تفسیر نعیمی اور تفسیر ضیاء القرآن پر تبصرہ، بعض